QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 216

صارفین راست اکاونٹ کے زریعے بجلی کے بل جمع کرواسکتے ہیں: کیسکو

کوئٹہ:03 مارچ 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اپنے تمام صارفین کو بجلی فراہمی کے سلسلے میں جدید ٹیکنالوجی کے مطابق مزید بہتر سہولیات کو یقینی بنانے کیلئے متعدد اقدامات کررہی ہے۔جس کے تحت اب کیسکو کے صارفین گھر بیٹھے اپنے بجلی کے بل کی ادائیگی کسی بھی وقت کرسکتے ہیں۔اب تمام صارفین اپنے بجلی بل پر درج کیو آر کوڈ سکین کرکے گھر بیٹھے ڈیجیٹل ادائیگی نظام "راست Raast" کے تحت جمع کرواسکیں گے۔جس سے صارف کے بل کی ادائیگی کا ریکارڈ بھی محفوظ رہتا ہے۔ صارفین راست اکاؤنٹ سے منسلک موبائل بینکنگ ایپ کے زریعے بجلی بلوں کی ادائیگی فوری اور محفوظ طریقے سے کرسکیں گے جس کیلئے صارف کو کسی قسم کا اضافی چارج یا سروس فیس ادانہیں کرنی پڑے گی اور یہ سہولت 24 گھنٹے دستیاب ہے۔اس کے علاوہ بجلی کے کنکشن کی ڈیمانڈ نوٹس،ڈٹیکیشن بل کی ادائیگی،ری کنکشن فیس کی ادائیگی بروقت کرسکتے ہیں۔صارفین اپنی دہلیز پر جدید سہولیات کی فراہمی اور بجلی بلوں کی ادائیگی کے لئے کیسکو کے آن لائن اقدامات سے فائدہ اُٹھائیں اور راست اکاونٹ کے زریعے اپنے بل کی ادائیگی کریں۔

###